11349- سودی بنک میں ملازمت کی پیشکش

سوال

میں کمپیوٹر پروگرام کمپنی میں کام کرتا ہوں، ان آخری ایام میں کمپنی نے مجھے کام کے سلسلے میں ایک برس کے لیے xxx جانے کی پیشکش کی ہے، اور میں نے وہاں جانے کی تیاری بھی شروع کردی ہے، لیکن کچھ ایام کے بعد مجھے کہا گیا میں xxx بنک میں کام کرونگا، مجھے علم ہے کہ سودی لین دین کرنے والے اداروں مثلا بنک میں کام کرنا حرام ہے۔

ان میں سے ایک شخص نے مجھے بتایا کہ کچھ بنک ایسے بھی ہیں جو xxx میں اسلامی طریقہ سے اپنی خدمات پیش کرتے ہیں، لیکن میرے پاس بنک کے بارہ میں معلومات نہیں، میں نے کچھ جگھوں میں بعض سوالات پیش کیے لیکن مجھے ان کا جواب موصول نہیں ہوا۔

میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ یہ بتائیں کہ آیا میرے لیے xxx بنک میں کام کرنا جائز ہے کہ نہیں ؟ کیونکہ ممکن ہے یہ بنک سودی لین دین کرتا ہو، اور اگر میں ان کے لیے کام کروں تو اس میں معاون بنوں گا ؟

پسندیدہ جواب

جی ہاں، معاملہ
بالکل ایسا ہی جیسا آپ نے ذکر کیا ہے، مذکورہ بنک سودی لین دین کرتا ہے۔

ہماری آپ کو نصیحت یہی ہے کہ آپ اس
میں کام کرنے سے اجتناب کریں اور دور ہی رہیں۔

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ
کو توفیق عطا فرمائے، اور ہمیں اپنے دین پر ثابت قدمی دے۔

واللہ اعلم۔